مڈغاسکر کے وفد کی ملاقات

☆ بعد ازاں حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز اپنے دفتر تشریف لے گئے اور مڈغاسکر سے آنے والے وفد نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے شرفِ ملاقات حاصل کیا۔

☆ مڈغاسکر سے ایک سابق منسٹر نیشنل پولیس Rakontondrazaka Arsena صاحب آئے تھے۔ موصوف کا 2014ء سے جماعت کے ساتھ قریبی تعلق ہے اور بہت سے کاموں میں یہ ممد و معاون رہے ہیں۔

موصوف نے عرض کیا کہ میں یہاں آکر بہت خوش ہوں۔ مڈغاسکر میں بھی مجھے جماعت کے پروگراموں میں شامل ہونے کا موقع ملا۔ میں نے بحیثیت منسٹر نیشنل پولیس جماعت کی activities دیکھی ہیں۔ جماعت احمدیہ دوسرے مسلمانوں سے ایک مختلف فرقہ ہے اور پُرامن ہے۔ جماعت کوئی مشکل پیدا نہیں کرتی۔ کوئی فساد نہیں کرتی۔ محبت و پیار اور بھائی چارہ سے رہتے ہیں اور اسی کی تعلیم بھی دیتے ہیں۔ دوسروں کے لئے آسانی پیدا کرتے ہیں۔ مڈغاسکر میں جماعت احمدیہ مختلف میدانوں میں خدمت کر رہی ہے۔ ہیومینٹی فرسٹ کے تحت آنکھوں کے آپریشن بھی کئے گئے ہیں۔

☆ اس پر حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے فرمایا کہ مدد کرنا اور انسانیت کی خدمت کرنا ہمارا کام ہے۔ آپ کا شکریہ کہ آپ نے مختلف مواقع پر جماعت کی مدد کی اور کام کرنے کے مواقع پیدا کئے۔

☆ جلسہ کے حوالہ سے موصوف نے اپنے تأثرات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ مَیں حیران ہوں کہ پوری دنیا سے 30 ہزار سے زیادہ لوگ آئے ہوئے ہیں اور کسی قسم کی کوئی پریشانی اور کوئی مسئلہ نہیں۔ تمام دنیا میں محبت اور بھائی چارہ کی یہ اکلوتی مثال ہے جو مَیں نے یہاں دیکھی ہے۔ ساری دنیا سے مختلف اقوام اور رنگ و نسل کے لوگ ہیں لیکن سب ایک لیڈر کے اشارہ پر چلتے ہیں۔ اس بات نے مجھ پر گہرا اثر چھوڑا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ صرف یہی ایک مذہب اور جماعت ہے، جس کی خدا تعالیٰ خود مدد کر رہا ہے اور مجھے یقین ہے کہ ساری دنیا آپ کو قبول کرے گی اور آخر کار آپ ہی غالب آئیں گے۔

☆ ملکی صورتحال کے بارہ میں موصوف نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے استفسار پر بتایا کہ کافی عرصہ کے مسائل کے بعد اب ملکی صورتحال بہتر ہونا شروع ہوئی ہے۔

☆ موصوف نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کو مڈغاسکر کا دورہ کرنے کی دعوت دی جس پر حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے فرمایا: ’اگر ملک پولیٹکل لحاظ سے سٹیبل (Stable) ہے تو پھر آنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔‘

☆ مڈغاسکر کے وفد کی حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے یہ ملاقات ایک بج کر پچیس منٹ پر ختم ہوئی۔ آخر پر مہمان موصوف نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔